# HelpinBrum

## برمنگھم میں مدد تلاش کریں

## کیا آپ ضروریات زندگی میں اضافے کے بارے میں فکر مند ہیں؟

مشورے اور مدد کے لیے چند ایک مفید رابطوں کی تفصیلات حاضر ہیں۔

یوکے میں برمنگھم سٹی کونسل اور اس کے پارٹنر ہمارے مکینوں کے لیے ضروریات زندگی کے بحران میں مدد اور رہنمائی کے لیے کام کر رہے ہیں۔

ہم اپنے زیادہ سے زیادہ مکینوں کو نمایاں علاقوں کے اندر جن کا اس کتابچے میں خاکہ دیا گیا ہے مدد فراہم کرنا چاہتے ہیں۔

### پرتپاک خیر مقدم:

ہم گرم جگہوں کے نیٹ ورک کو وسعت دینے کے لیے مقامی کمیونٹی اور رضاکارانہ اور کمیونٹی سیکٹر کی تنظیموں کی شراکت داری کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

موسم سرما کے دوران اور اس کے بعد یہ جگہیں لوگوں کے استعمال اور دیکھنے کے لیے دستیاب ہوں گی۔

مقامی کمیونٹیز کے اندر پورے شہر میں خیر مقدم کے لیے کی کئی ایک گرم جگہیں موجود ہیں۔

خیر مقدم کی جگہیں اس طرح کی ہیں:

- ہر کسی کے لیے اور بلا تنقید
- گرم اور آزادانہ رسائی

خدمات ہر جگہ پر مختلف ہوں گی لیکن ان میں یہ شامل ہو سکتی ہیں:

- مزید مدد اور دستیاب رہنمائی کے بارے میں معلومات
- سرگرمیوں میں حصہ لینے اور نئی چیزیں سیکھنے کے مواقع
- مفت انٹرنیٹ تک رسائی، کمپیوٹر اور چارجنگ پوائنٹس
- کمیونٹی کے اندر دوسروں کے ساتھ میل جول کے لیے ایک دوستانہ ماحول

پ ہمارے موجودہ برمنگھم وارم ویلکم جگہوں کی تفصیلات یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں:
www.birmingham.gov.uk/warmwelcome

چونکہ ہفتہ وار بنیادوں پر مزید جگہیں شروع کی جائیں گیں اس لیے دوبارہ چیک کرتے رہیں۔

### بینی فیٹس اینڈ منی ایڈوائیس [منفعت اور مالی مشورہ]

ضروریات زندگی کے بحران کے دوران اس بات کا یقینی بنانا بھی ضروری ہے کہ آپ کو اپنے لیے درست بینی فیٹس اور پیسوں کے بارے میں مشورے تک رسائی حاصل ہو۔ ذیل میں کئی معلوماتی پورٹلز فراہم کیے گئے ہیں جو مدد کر سکتے ہیں۔

یہ جاننے کے لیے کہ آپ کن بینی فیٹس کے حقدار ہیں، حکومت کی طرف سے فراہم کردہ بینی فیٹس کیلکولیٹر کا استعمال کرنا بہتر ہے۔ اس لنک کا استعمال کرکے مزید معلومات حاصل کریں
Benefits calculators - GOV.UK

برمنگھم سٹی کونسل نے کئی سپورٹ فیکٹ شیٹس بھی تیار کی ہوئی ہیں جو قرض سے متعلق متعدد مسائل پر مفید معلومات فراہم کرتی ہیں۔ آپ یہاں پر معلومات دیکھ سکتے اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں
managing your debt | Birmingham City Council

اگر آپ قرض کے بارے میں دشواری کا سامنا کر رہے ہوں اور آپ کو مشورے اور مدد کی ضرورت ہو تو بھی آپ اس کو وزٹ کر سکتے ہیں۔ www.birmingham.gov.uk/livingsupport جو کہ آپ کو درست معلومات تک پہنچنےمیں مدد کر سکتے ہیں۔

ایسی دیگر سروسز بھی دستیاب ہیں جو مفت اور رازدارانہ مشورہ فراہم کرتی ہیں:

دی پراجیکٹ - بینی فیٹ، قرض اور ہاؤسنگ ایڈوائیس
www.theprojectbirmingham.org | 0121 453 0606

اسٹیزنز ایڈوائیس برمنگھم - بینی فیٹ کے بارے میں مشورہ، قرض اور ہاؤسنگ ایڈوائیس
www.bcabs.org.uk | 0808 278 7990

ڈیبس ایبلٹی ریسورس سینٹر - معذور افراد کے لیے مشورے اور حمایت کی سروسز
www.disability.co.uk | 03030 402 040

### توانائی کی بچت:

توانائی کے اخراجات میں جیسے جیسے اضافہ ہوتا جاتا ہے ہم توانائی کے بلوں کو کم کرنے اور موسم سرما کے مہینوں میں گرم رہنے میں ہر ایک کی مدد کرنے کے بارے میں پرعزم ہیں۔

پہلے ہی سے مکینوں کے لیے کئی ایک اسکیمیں دستیاب ہیں جن کے بارے میں یہاں پر مکمل معلومات اور رہنمائی دستیاب ہے Getting help with your energy bills

ضروریات زندگی کے بحران سے متعلق توانائی کے بارے میں دھوکے بازیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

ان دھوکے بازیوں سے بچنے کے لیے برمنگھم سٹی کونسل کی ویب سائٹ پر کچھ مفید مدد موجود ہے۔
Energy scams | Scams and hoaxes

## فوڈ سپورٹ:

ضروریات زندگی کے بحران نے بہت سے لوگوں کی خوارک کے بارے میں استطاعت کو مشکل بنا دیا ہے۔ اگر آپ کو اسی چیز کا سامنا ہو تو ذیل میں کئی ایک معلوماتی نکات ہیں جو کہ مدد کر سکتے ہیں۔

**فوڈ بینکس:**

ہم جانتے ہیں کہ پہلی بار فوڈ بینک یا دیگر پروجیکٹس تک رسائی مشکل ہو سکتی ہے۔ تاہم تشریف لانے والے افراد کو رضا کار خوش آمدید کہنے کے لیے اپنی بھر پور کوشش کرتے ہیں۔

ایک وزیٹر کا کہنا ہے کہ "یہ صرف ایک چھوٹا سا ذاتی رابطہ تھا جس نےمجھ کو خوش آئند محسوس کروایا اور ایک ایسے موقع پر جہاں میرا بجٹ چھوٹا سا تھا، یہ بھی محسوس ہوتا تھا کہ کسی نے اس بات کا خیال رکھا ہے کہ وقت مشکل تھا۔"

فوڈ بینک یا دیگر فوڈ سپورٹ تلاش کرنے کے لیے براہ کرم ملاحظہ فرمائیں
Birmingham Food Justice Network Map

**ہیلدی اسٹارٹ کارڈ**

اگر آپ 10 ہفتے یا اس سے زیادہ حاملہ ہیں، چار سال سے کم عمر کا بچہ ہے، یا آپ یا آپ کے خاندان کو کچھ بینی فیٹس مل رہے ہیں، تو آپ ہیلدی اسٹارٹ کارڈ کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

اس کارڈ میں رقم موجود ہوتی ہے جس کو خریداری کرنے کے لیے دکانوں پر استعمال کیا جا سکتا ہے: گائے کا سادہ مائع دودھ؛ تازہ، منجمد، اور ڈبہ بند پھل اور سبزیاں؛ تازہ، خشک، اور ڈبہ بند دالیں؛ اور گائے کے دودھ پر مبنی بچوں کا فارمولا دودھ۔ آپ مفت وٹامن بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

مزید جاننے اور درخواست کرنے کا طریقہ معلوم کرنے کے لیے وزٹ کریں۔
www.birmingham.gov.uk/healthystart

**اسکول کا مفت کھانا**

آپ یہ بھی چیک کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے بچے کو اسکول کا کھانا مفت مل سکتا ہے، اسکول کے مفت کھانے کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے ویزٹ کریں free school meals eligibility۔
(یہ آپ کو تعطیلات، سرگرمیوں اور فوڈ پروگرام کے لیے بھی خود بخود رجسٹر کر دے گا۔)

## مزید معلومات دستیاب ہیں

برمنگھم سٹی کونسل کی اس ویب سائٹ پر اس سے بھی زیادہ معلومات دستیاب ہیں جو کہ مدد کے لحاظ سے مختلف تنظیموں کی طرف آپ کی رہنمائی کر سکتی ہیں www.birmingham.gov.uk/livingsupport بصورت متبادل 0121 303 9944 پر فون کریں تو ہماری کسٹمر سروس ٹیم میں سے کوئی آپ کی مدد کر سکے گا۔

## دیگر مدد دستیاب ہے

مقامی اور قومی سطح پر بھی کافی حمایت دستیاب ہے۔ اگر آپ کو معلومات یا رہنمائی کی ضرورت ہو تو یہاں پر چند ایک ضروری رابطے ہیں:

**ایج یو کے برمنگھم**

معمر افراد (+50)، ان کے اہل خانہ اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات، مشورہ اور ہیلپ لائن سروسز
www.ageuk.org.uk/birmingham | 0121 437 0479

**برمنگھم مائنڈ**

دماغی صحت کے مسائل سے دوچار افراد کے لیے مشورہ، معلومات اور رہنمائی فراہم کرنا
www.birminghammind.org | 0121 262 3555

**منی ہیلپر**

اپنے مالی معاملات کو بہتر بنانے کے بارے میں مدد کے لیے مشورہ
www.moneyhelper.org.uk | 0800 138 7777

**اسٹاپ لون شارکس**

غیر قانونی قرض دینے والوں کی چھان بین کرتے ہیں اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہیں اور قرض لینے والوں کو مدد فراہم کرتے ہیں 0300 555 2222 | www.stoploansharks.co.uk

**ٹرن ٹو اس**

معلومات اور مالی مدد 0808 802 2000 |
www.turn2us.org.uk | benefits-calculator-2.turn2us.org.uk

**برمنگھم اینڈ سولیہل ویمنز ایڈ**

گھریلو تشدد اور بدسلوکی سے متاثرہ خواتین اور بچوں کے لیے معاونت
www.bswaid.org | 0800 800 0028

**شیلٹر**

رہائش کے بارے میں مشورہ 0808 800 4444 | england.shelter.org.uk

**ایکٹیو ویلبیئنگ سوسائٹی**

دوسروں کے ساتھ میل جول رکھنے، فعال رہنے، اچھی زندگی بسر کرنے اور معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے لوگوں کی بات سنتے ہیں اور مدد فراہم کرتے ہیں۔
www.theaws.co.uk/listen-connect | 0121 728 7030

**رفیوجی اینڈ مائگرینٹ سینٹر**

امیگریشن، رہائش اور مفلسی، فلاح و بہبود اور صحت، روزگار اور تعلیم، آبادکاری اور شہریت کے بارے میں مشورہ
www.rmcentre.org.uk | 0121 374 0140

**اسپٹ فائر سروسز**

رقم، بینی فیٹس، رہائش اور روزگار کے مسائل کے بارے میں مشورہ
www.spitfireservices.org.uk | 0121 747 5932